www.jang.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ
LOCAL EDITION WEDNESDAY JANUARY 15, 2025
THE DAILY JANG RAWALPINDI
روزنامہ جنگ راولپنڈی
رجسٹرڈ نمبر NPR-002
فون 5962444-5962449 فیکس 5962277
بانی...... میر خلیل الرحمٰن
صفحات 10 قیمت 30 روپے
جلد 67 | بدھ 14 رجب المرجب 1446ھ 15 جنوری 2025ء یکم ماگھ 2081ب | نمبر 15

# 2024ء کے دوران عوامی شکایات کی دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا، وفاقی محتسب

## رواں سال بھی دوردراز علاقوں میں محتسب سیکرٹیریٹ کے مزید دفاتر کھولے جائیں گے

اسلام آباد (خصوصی نامہ نگار) وفاقی محتسب ادارے کی پہنچ اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، اب مظفرآباد آزاد کشمیر اور گلگت میں دو نئے دفاتر کے قیام کے بعد ملک بھر کے 24 شہروں میں محتسب سیکرٹیریٹ عوام کو سہولیات فراہم کر رہا ہے، جب کہ اس سال بھی دوردراز علاقوں میں مزید نئے دفاتر کھولے جائیں گے۔ منگل کو محتسب سیکرٹیریٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ ان کے ادارے میں سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات اور ان کی دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا، سال 2024ء کے دوران دو لاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو گزشتہ سال سے 16 فیصد زیادہ ہیں جب کہ اس سال دو لاکھ 26 ہزار 371 شکایات موصول ہوئیں۔ 93 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہوگیا۔ 2024 کے دوران ہمارے انوسٹی گیشن افسران نے ملک کے دوردراز علاقوں میں خود جا کر 126 کھلی کچہریاں لگائیں۔

DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد
WEDNESDAY, JANUARY 15, 2025
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

## 2024ء میں عوامی شکایات اور دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا: وفاقی محتسب

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات اور ان کی دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے جس کی وجہ (باقی صفحہ 7 نمبر 17)

### 17 وفاقی محتسب

یہ ہے کہ وفاقی محتسب ادارے کی پہنچ اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اب مظفر آباد آزاد کشمیر اور گلگت میں دو نئے دفاتر قائم ہونے کے بعد ملک بھر کے 24 شہروں میں یہ ادارہ عوام الناس کو سہولیات فراہم کر رہا ہے، جب کہ اس سال بھی دور دراز علاقوں میں مزید نئے دفاتر کھولے جائیں گے۔

روزنامہ دنیا اسلام آباد، بدھ، 15 جنوری 2025ء

ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا اسلام آباد

## 2024: وفاقی محتسب کے 92.9 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد

اسلام آباد (نامہ نگار، اپنے نامہ نگار سے) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا 2024ء میں ادارہ میں عوامی شکایات کے ازالہ میں ریکارڈ اضافہ ہوا، دو لاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو گزشتہ سال سے 16 فیصد زیادہ ہیں، دو لاکھ 26 ہزار 371 شکایات موصول ہوئیں، 92.9 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد ہوا، ہم نے 100 فیصد عملدرآمد کا تہیہ کیا ہے۔ افسروں نے دور دراز علاقوں میں 126 کھلی کچہریاں لگائیں، شکایت کنندگان کو گھر کی دہلیز پر انصاف ملا۔ انہوں نے یہ تفصیلات میڈیا کو غیر رسمی گفتگو میں بتائیں۔

★★★★★
لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار
Daily Nai Baat
روزنامہ نئی بات اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمن
جلد 13 | بدھ 14 رجب المرجب 1446ھ 15 جنوری 2025ء 3 ماگھ 2081 ب | صفحات 8 | قیمت 30 روپے | شمارہ 335
www.naibaat.com e-mail: nb@naibaat.com
Wednesday 15 January 2025

مظفر آباد اور گلگت میں 2 نئے دفاتر قائم

# عوام کی پہنچ میں اضافہ وفاقی محتسب کا رواں سال دور دراز علاقوں میں رسائی بڑھانے کا عزم

میڈیا وفاقی محتسب کے بارے میں عوامی آگاہی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، سال 2024ء کے دوران دو لاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کئے گئے

**اس سال دو لاکھ 26 ہزار 371 شکایات موصول ہوئیں، 92.9 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہو گیا، فیصلوں پر 100 فیصد عملدرآمد کا تہیہ کر رکھا ہے: اعجاز احمد قریشی**

اسلام آباد (نئی بات نیوز) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ ان کے ادارے میں سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات اور ان کی دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ وفاقی محتسب ادارے تک پہنچ اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، اب مظفر آباد آزاد کشمیر اور گلگت میں دو نئے دفاتر قائم ہونے کے بعد ملک بھر کے 24 شہروں میں یہ ادارہ عوام الناس کو سہولیات فراہم کر رہا ہے، جب کہ اس سال بھی دور دراز علاقوں میں مزید نئے دفاتر کھولے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا ہمارا اہم اسٹیک ہولڈر ہے، میڈیا محتسب کے بارے میں عوامی آگاہی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سال 2024ء کے دوران دو لاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو گزشتہ سال سے 16 فیصد زیادہ ہیں، جب کہ اس سال دو لاکھ 26 ہزار 371 شکایات موصول ہوئیں۔ 92.9 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہو گیا ہے۔ ہم نے اپنے فیصلوں پر 100 فیصد عملدرآمد کا تہیہ کر رکھا ہے۔ 1983ء سے لے کر اب تک 23 لاکھ افراد اس ادارے کی خدمات سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سال کے دوران ہمارے انوسٹی گیشن افسران نے ملک کے دور دراز علاقوں میں خود جا کر 126 کھلی کچہریاں لگائیں، جس سے شکایت کنندگان کو سفر کی صعوبت بھی نہیں اٹھانا پڑی اور انہیں گھر کی دہلیز پر انصاف مل گیا۔ یہ باتیں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے نئے سال کے آغاز پر گزشتہ روز اخبار نویسوں سے غیر رسمی گفتگو کے دوران کہیں۔



اسلام آباد، لاہور، کراچی اور فیصل آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا معتبر مستند اخبار ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر: محمد نبیل ملک
روزنامہ عوام انٹرنیشنل
اسلام آباد فیصل آباد
CPL No.156.Trade Mark No.046674
جلد نمبر 11 بدھ 15 جنوری 2025ء 14 رجب المرجب 1446ھ 3 ماگھ 2077 بم قیمت 10 روپے شمارہ نمبر 13

# سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات اوران کی دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے

## میڈیا اس بارے میں عوامی آگاہی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اعجاز احمد قریشی



اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ ان کے ادارے میں سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات اور ان کی دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ وفاقی محتسب ادارے کی پہنچ اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، اب مظفرآباد آزاد کشمیر اور گلگت میں دو نئے دفاتر قائم ہونے کے بعد ملک بھر کے 24 شہروں میں یہ ادارہ عوام الناس کو سہولیات فراہم کر رہا ہے، جب کہ اس سال بھی دور دراز علاقوں میں مزید نئے دفاتر کھولے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا ہمارا اہم اسٹیک ہولڈر ہے، میڈیا محتسب کے بارے میں عوامی آگاہی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سال 2024ء کے دوران دو لاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کیے گئے جو گزشتہ سال سے 16 فیصد زیادہ ہیں جب کہ اس سال دو لاکھ 26 ہزار 371 شکایات موصول ہوئیں۔ 92.9 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہو گیا ہے۔ ہم نے اپنے فیصلوں پر 100 فیصد عملدرآمد کا تہیہ کر رکھا ہے۔ 1983ء سے لے کر اب تک 23 لاکھ خاندان اس ادارے کی خدمات سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سال کے دوران ہمارے انوسٹی گیشن افسران نے ملک کے دور دراز علاقوں میں خود جا کر 126 کھلی کچہریاں لگائیں، جس سے شکایت کنندگان کو سفر کی صعوبت بھی نہیں اٹھانا پڑی اور انہیں گھر کی دہلیز پر انصاف مل گیا۔ یہ باتیں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے نئے سال کے آغاز پر گزشتہ روز اخبار نویسوں سے غیر رسمی گفتگو کے دوران بتائیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے ادارے کے انوسٹی گیشن افسران اور وفاقی سرکاری اداروں کے سربراہان کو ہدایت کر رکھی ہے کہ وہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو کم سے کم وقت میں یقینی بنانے کے لئے اقدامات اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ غریبوں کی عدالت ہے جس کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے، سرکاری افسران کو غریب لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لانا چاہئیں۔ وفاقی محتسب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ہمارے افسران کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں، معائنہ ٹیموں کے مختلف سرکاری اداروں کے دوروں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث ہر سال شکایات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے عوام الناس میں آگاہی پیدا کرنے میں میڈیا کے کردار کو سراہتے ہوئے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں اپنا بھرپور تعاون جاری رکھیں تا کہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارے کے ذریعے جلد اور مفت ریلیف حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ محتسب کے بین الاقوامی اداروں میں وفاقی محتسب کا نمایاں کردار ہے۔ گزشتہ برس انہوں نے استنبول (ترکی) میں اے او اے کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 25ویں اجلاس کی صدارت کی اور ہانگ کانگ میں محتسبین کی بین الاقوامی کانفرنس میں کلیدی خطاب کیا۔

ہمارے لئے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بہتر مددگار ہے القرآن
ABC CERTIFIED آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ مصدقہ شدہ اشاعت
★★★★★★★ 2331689-90
چیف ایڈیٹر: سردار خان نیازی
روزنامہ پاکستان اسلام آباد
THE DAILY PAKISTAN ISLAMABAD
جلد 33: بدھ 15 جنوری 2025ء 14 رجب المرجب 1446ھ 2 ماگھ 2081 بکرمی صفحات 8 قیمت 30 روپے شمارہ 255



اسلام آباد، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

# 2024 میں عوامی شکایات، دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا، اعجاز قریشی

## وفاقی محتسب کا رواں سال میں دور دراز علاقوں میں عوامی رسائی کو مزید بڑھانے کے عزم کا اظہار

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ ان کے ادارے میں سال 2024 کے دوران عوامی شکایات اور ان کی دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ وفاقی محتسب ادارے کی پہنچ اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، اب مظفرآباد آزاد کشمیر اور گلگت میں دو نئے دفاتر قائم ہونے کے بعد ملک بھر کے 24 شہروں میں یہ ادارہ عوام الناس کو سہولیات فراہم کر رہا ہے، جب کہ اس سال بھی دور دراز علاقوں میں مزید نئے دفاتر کھولے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا ہمارا اہم اسٹیک ہولڈر ہے، میڈیا محتسب کے بارے میں عوامی آگاہی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سال 2024 کے دوران دو لاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو گزشتہ سال سے 16 فیصد زیادہ ہیں جب کہ اس سال دو لاکھ 26 ہزار 371 شکایات موصول ہوئیں۔ 92.9 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہوگیا ہے۔ ہم نے اپنے فیصلوں پر 100 فیصد عملدرآمد کا تہیہ کر رکھا ہے۔ 1983 سے لے کر اب تک 23 لاکھ خاندان اس ادارے کی خدمات سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سال کے دوران ہمارے انسوسٹی گیشن افسران نے ملک کے دور دراز علاقوں میں خود جا کر 126 کھلی کچہریاں لگائیں، جس سے شکایت کنندگان کو سفر کی صعوبت بھی نہیں اٹھانا پڑی اور انہیں گھر کی دہلیز پر انصاف مل گیا۔ یہ باتیں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے نئے سال کے آغاز پر گزشتہ روز اخبار نویسوں سے غیر رسمی گفتگو کے دوران بتائیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے ادارے کے انوسٹی گیشن افسران اور وفاقی سرکاری اداروں کے سربراہان کو ہدایت کر رکھی ہے کہ وہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو کم سے کم وقت میں یقینی بنانے کے لئے اقدامات اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ غریبوں کی عدالت ہے، جس کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے، سرکاری افسران کو غریب لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لانا چاہئیں۔ وفاقی محتسب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ہمارے افسران کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں، معائنہ ٹیموں کے مختلف سرکاری اداروں کے دوروں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث ہر سال شکایات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے عوام الناس میں آگاہی پیدا کرنے میں میڈیا کے کردار کو سراہتے ہوئے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں اپنا بھرپور تعاون جاری رکھیں تاکہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارے کے ذریعے جلد اور مفت ریلیف حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ محتسب کے بین الاقوامی اداروں میں وفاقی محتسب کا نمایاں کردار ہے۔ گزشتہ برس انہوں نے استنبول) ترکی (میں اے او اے کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 25 ویں اجلاس کی صدارت کی اور ہانگ کانگ میں محتسبین کی بین الاقوامی کانفرنس میں کلیدی خطاب کیا۔

www.mashriqakhbar.com.pk Member APNS mashriqnews3@gmail.com

سچ اور سچ کے سوا کچھ نہیں ! ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر عبدالباقی کاکڑ

جلد:14 | بدھ 14 رجب المرجب 1446ھ 15 جنوری 2025ء 3 ماگھ 2081 ب صفحات:10 قیمت 30 روپے | شمارہ: 302

# 2024 میں عوامی شکایات دہلیز پر حل ہوئیں

## میڈیا کا عوامی آگاہی میں کوئی ثانی نہیں، اعجاز احمد قریشی

### عوامی شکایات اور دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا، رواں سال دور دراز علاقوں میں مزید نئے دفاتر کھولے جائیں گے

### وفاقی محتسب سیکرٹریٹ غریبوں کی عدالت، پسماندہ علاقوں میں بسنے والوں کو انصاف کی فراہمی میں لمحہ کی تاخیر نہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) 2024 میں عوامی شکایات دہلیز پر حل ہوئیں، میڈیا کا عوامی آگاہی میں کوئی ثانی نہیں، پسماندہ علاقوں میں بسنے والوں کو بھی انصاف کی فراہمی میں لمحہ کی تاخیر نہیں، وفاقی محتسب اپنا بھرپور کردار کرکے پاکستان بھر میں متاثرہ شکایات کنندگان کو آسانیاں فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اعجاز احمد قریشی نے کہا 2024 کے دوران عوامی شکایات اور دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا، اب مظفرآباد آزاد کشمیر اور گلگت میں دو نئے دفاتر قائم ہونے کے بعد ملک بھر کے 24 شہروں میں ادارہ عوام کو سہولیات فراہم کر رہا ہے، جبکہ رواں سال بھی دور دراز علاقوں میں مزید نئے دفاتر کھولے جائیں گے، میڈیا ہمارا اہم اسٹیک ہولڈر ہے، میڈیا محتسب کے بارے میں عوامی آگاہی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، 2024 کے دوران 2 لاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو گزشتہ سال سے 16 فیصد زیادہ ہیں جبکہ رواں سال 2 لاکھ 26 ہزار 371 شکایات موصول ہوئیں، 92.9 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہوگیا ہے، وفاقی محتسب سیکرٹریٹ غریبوں کی عدالت ہے جس کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے۔



اسلام آباد: وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی اپنے دفتر میں میڈیا سے اظہار خیال کرتے ہوئے